سالک ، چراغ حسن حسرت ، مہاشہ کرشن ، سید حبیب ، مرتضیٰ احمد خاں میکش ، اظہر امرتسری ، حاجی لق لق ، ابو صالح اصلاحی اور مجید لاہوری کی تصویر کشی کی گئی ہے

کتاب ٹائپ میں بہت اچھے معیار پر طبع کی گئی ہے

تاریخ طبری حصہ دوم | تصنیف : ابو جعفر محمد بن جریر الطبری - ترجمہ : محمد ابراہیم ایم - اے - شائع کردہ نفیس اکیڈمی ، کراچی - قیمت مجلد پندرہ روپے - صفحات ۵۴۶ -

اس مشہور و معروف کتاب کی جلد اوّل کے ترجمے پر تبصرہ ترجمان القرآن میں شائع ہو چکا ہے۔ یہ اس کی دوسری جلد کا ترجمہ ہے - یہ حصہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پورے دورِ خلافت اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کے ابتدائی حالات پر محیط ہے - اس میں فتنہ مانعین زکوٰۃ اور فتنۂ ارتداد کے پورے واقعات ملتے ہیں - اس کے ساتھ ساتھ اس میں حضرت ابوبکر صدیق کے نظامِ عدل اور نظامِ مملکت کی پوری تفصیلات سامنے آتی ہیں - پھر فتوحات عراق و شام اور جنگ یرموک میں مسلم مجاہدین کی سرفروشیوں کا ذکر بھی بڑی شرح و بسط کے ساتھ کیا گیا ہے - یہ کتاب اسلامی تاریخ کا ایک بیش قیمت خزینہ ہے مگر اس خزینے میں لعل و جواہر کے ساتھ ساتھ بہت سے سنگریزے بھی موجود ہیں - اس لیے اس کا مطالعہ بصیرت کے ساتھ کرنا چاہیے -

---

تعلیم الاسلام (بزبان انگریزی) حصہ اوّل ، دوم ، سوم ، چہارم | تالیف : علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب - مترجم : ڈاکٹر محمود قادری صاحب - نظر ثانی : جناب خالد میاں صاحب - شائع کردہ : شیخ محمد اشرف ، کشمیری بازار لاہور -

تعلیم الاسلام کا یہ مفید سیٹ ایک عرصے سے مسلمان بچوں اور بچیوں کو اسلام کی ابتدائی تعلیمات سے روشناس کرنے کے لیے استعمال ہو رہا ہے - اس کے چاروں حصوں کا مطالعہ کرنے سے دین کے بنیادی مسائل سے کسی قدر واقفیت ہو جاتی ہے - زیر تبصرہ کتاب اس سیٹ کا انگریزی ترجمہ ہے